





Call for Papers/Articles for the Next Issue of

تدریس نامہ

ششماہی پیئر ریویوڈ ریفریڈ جرنل

کے آیندہ شمارہ مارچ 2027ء (جلد ۱۳، شمارہ ۲) کے لیے تدریسی، آموزشی اور ادبی مضامین/مقالات کی گزارش

مضامین/مقالات ارسال کرنے کی آخری تاریخ: 31 جنوری 2027ء

مقالات ان پیج (نوری نستعلیق) اور پی ڈی ایف فارمیٹ میں درج ذیل میل پر ارسال کیے جاسکتے ہیں:

tadreesnama@jmi.ac.in

اکادمی برائے فروغِ استعدادِ اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے جرنل 'تدریس نامہ' کے آیندہ شمارے کے لیے اردو زبان وادب کے ماہرین، اردو میڈیم اسکولوں سے وابستہ اساتذہ، ماہرین نفسیات، ماہرین سماجیات، ماہرین تعلیم، اسکول اور یونیورسٹی کے اساتذہ، معلم اساتذہ، پالیسی ساز حضرات، نصاب وضع کنندگان اور ریسرچ اسکالرز سے تحقیقی مضامین/مقالات ارسال کرنے کی پُرخلوص درخواست ہے۔

مقالہ نگاروں کے لیے رہنما اصول

مقالہ نگاروں سے درخواست ہے کہ مقالات کی تیاری میں مندرجہ ذیل رہنما اصولوں کو ملحوظ رکھیں:

۱۔ اشاعت کے لیے صرف غیر مطبوعہ اور ٹیچنل مقالہ ہی ارسال کریں جو کسی اور رسالے میں بغرض اشاعت نہ بھیجا گیا ہو۔
۲۔ مقالہ ان پیج (فونٹ نوری نستعلیق) اور پی ڈی ایف میں ہو۔
۳۔ مکمل مقالہ ۳۵۰۰ سے ۴۵۰۰ الفاظ (بشمول تلخیص) پر مشتمل ہو۔
۴۔ مقالے کا عنوان: فونٹ ۲۴، سینٹر ٹیکسٹ اور بولڈ ہو۔
۵۔ تلخیص: فونٹ ۱۴، ۱۵۰ سے ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل ہو۔
۶۔ کلیدی الفاظ: ۵ سے ۷۔
۷۔ مقالے کے ذیلی عناوین کا فونٹ سائز ۱۸ اور بولڈ ہوگا۔
۸۔ متن کا فونٹ سائز ۱۵ ہوگا۔
۹۔ ماحصل: فونٹ سائز ۱۴ میں ۲۰۰ سے ۳۰۰ الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔
۱۰۔ حوالہ جات: اے پی اے (تازہ ترین ورژن) فارمیٹ میں ہوں۔
۱۱۔ ڈائی گرام/ گراف/اعداد وشمار (صرف بلیک اینڈ وہائٹ): متن میں مناسب جگہ پر ڈائی گرام کے عناوین اور حوالے درج ہوں اور جرنل کے سائز کے مطابق ہوں۔
۱۲۔ ٹیبل: متن میں مناسب جگہ پر حوالے کے ساتھ ہو جس میں ٹیبل نمبر اور عنوان بھی درج ہو (صرف بلیک اینڈ وہائٹ)۔
۱۳۔ ماخذ کا حوالہ ضرور دیں۔ حوالہ جات کی فہرست میں اس کی مکمل تفصیل بھی درج کریں۔
۱۴۔ مقالہ نگار کا نام، عہدہ، ادارہ جاتی انسلاک، موبائل نمبر، ای میل آئی ڈی اور مقالے کا عنوان ایک علاحدہ صفحے پر تحریر کریں۔
۱۵۔ کاپی رائٹ سے متعلق امور کا بطور خاص دھیان رکھیں۔ سرقہ سے مکمل پرہیز لازمی ہے۔ تدریس نامہ میں اشاعت کے لیے اگر مضمون/مقالہ منتخب کیا جاتا ہے تو مقالہ نگار کو **(i)** اوریجنلٹی کا تصدیق نامہ **(ii)** سرقہ علمیہ کی رپورٹ (Plagiarism Report) جس میں 10% یا اس سے کم یکسانیت (Similarity) ہو اور **(iii)** مصنوعی ذہانت (AI) سے استفادہ بھی 20% سے کم ہو۔ اس سے متعلق سرٹیفکٹ اور پبلیشر/مدیران کے لیے کاپی رائٹ منتقلی تصدیق نامہ جمع کرنے ہوں گے۔

For detail please visit → https://shorturl.at/7bdL2 **← مزید معلومات کے لیے اس لنک پر کلک کریں**